ضلعی آفیسر اطلاعات (تعلقات عامہ)
منڈی بہاؤالدین

روزنامہ "جذبہ" منڈی بہاؤالدین
تاریخ 11 FEB 2023

# وفاقی محتسب کا ادارہ فوری انصاف دلواتا ہے، انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پوسٹل لائف انشورنس کے سی ای او کو پالیسی ہولڈر کی رقوم کی واپسی میں تاخیر پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ طلب کر لیا

**وفاقی محتسب کی ذاتی دلچسپی اور کاوش سے 60 کے قریب خاندانوں کو رقوم مل گئیں۔ وفاقی محتسب کے اس اقدام کو عوام الناس کی جانب سے بہت سراہا گیا**

منڈی بہاؤالدین (نامہ نگار) انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے بتایا ہے کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پوسٹل لائف انشورنس کے سی ای او کو پالیسی ہولڈر کی رقوم کی واپسی میں تاخیر پر وفاقی (بقیہ نمبر 9)

ضلعی آفیسر اطلاعات (تعلقات عامہ)
منڈی بہاؤالدین

روزنامہ "آئینہ انقلاب"
تاریخ 11-FEB 2023

# وفاقی محتسب کی ذاتی دلچسپی اور کاوش سے 60 کے قریب خاندانوں کو رقوم مل گئیں، مشتاق احمد

## وفاقی محتسب کے اس اقدام کو عوام الناس کی جانب سے بہت سراہا گیا اور ریجنل آفس سرگودھا کی کارکردگی کو بھی عوامی حلقوں میں بہت ستائش ملی ہے اور عوام کا اعتماد بڑھا ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ واقعی فوری انصاف دلواتا ہے یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ کارکردگی صف پچھلے دو تین ماہ کی ہے قبل ازیں ریجنل آفس سرگودھا پوسٹل لائف کے پالیسی ہولڈر کو ایک کروڑ روپے سے زیادہ کے کلیم و چیک کی ادائیگی کرا چکا ہے

منڈی بہاؤالدین (انیس الرحمن بٹ + ریاض گوندل) انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے بتایا ہے کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پوسٹل لائف انشورنس کے سی ای او کو پالیسی ہولڈرز کی رقوم کی واپسی میں تاخیر پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ طلب کر لیا، پوسٹل لائف انشورنس کے پالیسی ہولڈرز جن کی دو دو سال سے کلیم کی رقوم نہ مل رہی تھیں اور جن کی فہرست انچارج ریجنل آفس سرگودھا نے وفاقی (بقیہ نمبر 36)

بقیہ 36 آئینہ انقلاب

محتسب کو مہیا کی تھیں۔ ان کی شکایات کے ازالہ کیلئے سی ای او پوسٹل لائف نے سرگودھا ریجن کے زیر التوا کلیم جو کہ ایک کروڑ پچیس لاکھ روپے بنتے تھے۔ ان کے چیک پیش کر دیئے اور متعلقہ فیلڈ آفس سے متاثرین کو چیک تقسیم کر دیئے گئے۔ وفاقی محتسب کی ذاتی دلچسپی اور کاوش سے 60 کے قریب خاندانوں کو رقوم مل گئیں۔ وفاقی محتسب کے اس اقدام کو عوام الناس کی جانب سے بہت سراہا گیا اور ریجنل آفس سرگودھا کی کارکردگی کو بھی عوامی حلقوں میں بہت ستائش ملی ہے اور عوام کا اعتماد بڑھا ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ واقعی فوری انصاف دلواتا ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ کارکردگی صف پچھلے دو تین ماہ کی ہے۔ قبل ازیں ریجنل آفس سرگودھا پوسٹل لائف کے پالیسی ہولڈر کو ایک کروڑ روپے سے زیادہ کے کلیم / چیک کی ادائیگی کرا چکا ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ متذکرہ بالا چیک سرگودھا، جوہر آباد، میانوالی اور منڈی بہاؤالدین کے متاثرین کو تقسیم کئے گئے۔